


# ڈومیسٹک کرکٹ کے تمام اسٹیک ہولڈرز کو محفوظ بنانے کے لیے کوویڈ19 کے پروٹوکولز جاری

- فرسٹ اور سیکنڈ الیون میں شامل کھلاڑیوں کی دوسری کوویڈ19 ٹیسٹنگ بالترتیب 18 اور 21 ستمبر کو ہوگی
- کھلاڑی، اسپورٹ اسٹاف، میچ ریفریز، امپائرز، ڈیوٹی ڈاکٹرز، سیکورٹی منیجرز اور بس ڈرائیورز بائیو سیکیور ببل میں رہیں گے
- گراؤنڈ اسٹاف، وینیو منیجرز، اسکوررز اور دیگر عہدیداران کو بائیو سیکیور زون کی دوسری تہہ میں رکھا جائے گا
- کھلاڑیوں کی تفریح کے لیے ایک کمرہ مختص ہوگا، جہاں ٹی وی، وائی فائے اور کیرم بورڈ کی سہولت موجود ہوگی
- بائیو سیکیور ببل توڑنے والے فرد کو 5 روز (میں 2 کوویڈ19 ٹیسٹ منفی آنے) تک سیلف آئسولیشن میں رہنا ہوگا
- پی سی بی نے نیشنل ٹی ٹونٹی کپ اور قائداعظم ٹرافی کرکٹ ٹورنامنٹس کے لیے میڈیا پروٹوکولز کا بھی اعلان کردیا

**لاہور، 15 ستمبر 2020ء:**

پاکستان کرکٹ بورڈ نے کورونا وائرس کے باعث موجودہ صورتحال میں کرکٹ کی سرگرمیوں کو محفوظ انداز میں

شروع کرنے کی غرض سے ڈومیسٹک کرکٹ سیزن 21-2020 کے لیے کوویڈ19 پروٹوکولز کا اعلان کردیا ہے۔ ان پروٹوکولز کے اعلان کا مقصد سیزن کے دوران اپنے کھلاڑیوں اور اسپورٹ اسٹاف سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کی صحت اور حفاظت کو یقینی بنانا ہے۔

کھلاڑی، اسپورٹ اسٹاف، میچ آفیشلز اور ڈیوٹی ڈاکٹرز سیزن کے آغاز سے ہی بائیوسیکیور ببل میں رہیں گے۔ اس دوران انہیں آپس میں ملنے جلنے کی مکمل آزادی ہوگی تاہم ببل میں داخلے کے لیے ان تمام کھلاڑیوں، اسپورٹ اسٹاف، میچ آفیشلز اور ڈیوٹی ڈاکٹرز کے مسلسل 2 مرتبہ کوویڈ19 ٹیسٹ منفی آنا لازمی ہوں گے، یہ فیصلہ، ببل کو وائرس فری رکھنے کی غرض سے کیا گیا ہے۔

فرسٹ اور سیکنڈ الیون میں شامل تمام ٹیموں کے کھلاڑیوں اور اسپورٹ اسٹاف کو پیر کو کروائے گئے اپنے پہلے کوویڈ19 ٹیسٹ کی رپورٹس بالترتیب 16 اور 18 ستمبر کو جمع کرانی ہیں۔ پی سی بی ان تمام افراد کو اس ٹیسٹ کے واجبات بعد میں ادا کردے گا۔

اسکواڈ میں شامل جن کھلاڑیوں اور اسپورٹ اسٹاف کے پہلے کوویڈ19 ٹیسٹ کی رپورٹ منفی آئے گی انہیں پی سی بی کے قائم کردہ سنٹرل اسٹیشن بلایا جائے گا۔ جہاں ان کی دوسری کوویڈ19 ٹیسٹنگ پی سی بی میڈیکل ٹیم کی زیر نگرانی ہوگی۔ فرسٹ الیون کے اسکواڈز کی دوسری کوویڈ19 ٹیسٹنگ 18 ستمبر جبکہ سیکنڈ الیون کی 21 ستمبر کو ہوگی۔

کھلاڑیوں اور اسپورٹ اسٹاف کو سنٹرل اسٹیشنز پہنچنے کے لیے ہوائی سفر کے علاوہ پبلک ٹرانسپورٹ استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ جہاں انہیں داخلے سے قبل ان کے سامان کے ہمراہ ڈس انفیکٹ کیا جائے گا۔ اس دوران ہر فرد کو علیحدہ علیحدہ کمروں میں رہائش دی جائے گی۔

اگر کسی شخص کا دوسرا ٹیسٹ مثبت آجاتا ہے تو اسے 5 روز کے لیے آئسولیٹ کردیا جائے گا، اس دوران اس کے مزید 2 ٹیسٹ کروائے جائیں گے۔ اگر یہ ٹیسٹ بھی مثبت آجائیں تو اس شخص کو 14 روز تک سیلف آئسولیشن میں بھجوادیا

جائے۔ جس کے بعد اس فرد کو مسلسل 2 ٹیسٹ منفی آنے کی صورت میں بائیو سیکیور زون میں داخلے کی اجازت ہو گی۔

دورہ انگلینڈ سے واپس آنے والے کرکٹرز کو 25 ستمبر تک اپنی ٹیموں کو جوائن کرنے کی چھوٹ دی گئی ہے۔ دس ہفتوں پر مشتمل انگلینڈ کے طویل دورے کے بعد ان کھلاڑیوں کو اپنی فیملی کے ساتھ وقت گزارنے کی اجازت دی گئی ہے۔

اسی طرح، ان ایونٹس کے لیے مقررہ میچ آفیشلز کو اپنی پہلی کوویڈ 19 ٹیسٹنگ کے نتائج 24 ستمبر تک جمع کرانے ہوں گے جبکہ ان کے دوسرے ٹیسٹ 27 ستمبر کو پی سی بی کے سنٹرل اسٹیشنز میں ہوں گے۔

نوجوان کھلاڑیوں کی سہولت اور آسانی کے لئے پاکستان کرکٹ بورڈ نے انڈر 19 کھلاڑیوں کے کوویڈ 19 ٹیسٹ کی مکمل ذمہ داری خود اٹھانے کا اعلان کیا ہے۔ تمام ایسوسی ایشنز کی انڈر 19 ٹیموں کی کوویڈ 19 ٹیسٹنگ کا آغاز یکم اکتوبر سے ہو گا۔

پی سی بی کو اندازہ ہے کہ ملک بھر میں کورونا وائرس کی صورتحال بدل رہی ہے، لہٰذا پی سی بی اس سلسلے میں ڈومیسٹک سیزن 21-2020 میں متوقع چیلنجز سے نمٹنے اور رسک کو کم سے کم کرنے کی غرض سے اپنی طرف سے ہر ممکن اقدامات اٹھانے کی کوشش کررہا ہے۔

**بائیو سیکیور زون:**

ہوٹل کے کمرے، کھانے کی جگہ، انڈور گیمز روم، کھیلنے کی جگہ، ڈریسنگ رومز، میچ آفیشلز کے کمرے، ٹیموں کی بسیں اور گاڑیاں بائیو سیکیور زون میں شامل ہوں گی، جسے متواتر ڈس انفیکٹ کیا جاتا رہے گا۔ پرٹوکولز کے مطابق بائیو سیکیور زون کی پہلی تہہ میں موجود افراد کی تفریح کی غرض سے ہر ٹیم کے لیے ایک الگ کمرہ مختص ہو گا، جس میں وائی فائے سروس، ٹی وی اور کیریم بورڈ کی سہولت موجود ہو گی۔

ڈومیسٹک سیزن کے دوران کوویڈ 19 کے ان پروٹوکولز پر سختی سے عملدرآمد کروانے کی ذمہ داری امپلیمنٹیشن ٹیم کی

ذمہ داری ہوگی، جس کی سربراہی کوویڈ19 میڈیکل آفیسر ڈاکٹر ریاض کے سپرد کی گئی ہے۔اس ٹیم کے دیگر اراکین میں ٹیم منیجرز سمیت فزیوتھراپسٹ، لائزن آفیسرز اوورڈیوٹی ڈاکٹرز شامل ہوں گے۔

بائیو سیکیور زون کی پہلی تہہ میں موجود افراد کو ضرورت پڑنے پر دوسری تہہ میں جانے کے لیے اپنے چہروں کو ماسک سے ڈھانپنے کے علاوہ دوسری تہہ کے افراد سے 10 سے 15 فٹ کا فاصلہ رکھنا ہوگا۔بائیو سیکیور زون کی دوسری تہہ میں گراؤنڈ اسٹاف، وینیو منیجرز، اسکوررز اور دیگر منتظمین رہیں گے۔دونوں تہوں میں رہنے والے افراد آپس میں رابطے کے لیے موبائل فون کا استعمال کریں گے۔ میچ دوران کھلاڑیوں کو ڈریسنگ روم کے باہر بیٹھنے کی ترغیب دی جائے گی۔ اس دوران دوپہر کے کھانے یا چائے کے وقفے کے دوران سماجی فاصلے سے متعلق ہدایات پر عمل کیا جائے گا۔

بائیو سیکیور ببل توڑنے والے شخص کو 5 روز (کوویڈ19 کے 2 منفی ٹیسٹ آنے) تک سیلف آئسولیشن میں رہنا ہوگا۔

## میڈیا پروٹوکولز:

ان غیر معمولی حالات میں شیڈول ڈومیسٹک کرکٹ سیزن 21-2020 میں شریک تمام افراد کی صحت اور حفاظت کو پیش نظر رکھتے ہوئے پاکستان کرکٹ بورڈ نے اپنے میڈیا پروٹوکولز کا اعلان بھی کردیا ہے۔

یہ کچھ بنیادی پروٹوکولز ہیں تاہم کوویڈ19 کی بدلتی صورتحال کے باعث ان پروٹوکولز میں آخری وقت پر تبدیلی کی جاسکے گی۔

## ایکریڈیشن:

پاکستان کرکٹ بورڈ، نیشنل ٹی ٹونٹی کپ اور قائداعظم ٹرافی ٹورنامنٹس کے صرف چار ٹیسٹ وینیوز پر شیڈول میچوں کے لیے میڈیا ایکریڈیشن دے گا۔ ان وینیوز میں قذافی اسٹیڈیم لاہور، پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم راولپنڈی، نیشنل اسٹیڈیم

کراچی اور ملتان کرکٹ اسٹیڈیم ملتان شامل ہیں۔ پاکستان کپ کی میڈیا ایکریڈیشن سے متعلق معلومات مناسب وقت پر جاری کردی جائیں گی۔

نیشنل ٹی ٹونٹی کپ کے لیے ٹورنامنٹ بھر کی ایکریڈیشن دی جائے گی جبکہ قائداعظم ٹرافی فرسٹ کلاس ٹورنامنٹ میں میچ ٹو میچ ایکریڈیشن دی جائے گی۔ محدود جگہ اور سہولیات کے باعث صرف مقامی صحافیوں کو ہی ایکریڈیشن دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

نیشنل ٹی ٹونٹی کپ کے فرسٹ اور سیکنڈ الیون ٹورنامنٹس کی میڈیا ایکریڈیشن کے خواہشمند میڈیا نمائندگان 19 ستمبر سے قبل شکیل خان (shakeel.khan@pcb.com.pk) سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

**اہم ہدایات برائے میڈیا:**

- اگر آپ میں کوویڈ19 کی کوئی بھی علامت ظاہر ہو تو برائے مہربانی میچ کی کوریج کے لیے وینیو میں تشریف نہ لائیں۔
- یہاں (وینیو) پہنچنے پر تھرمل گن سے آپ کا بخار چیک کیا جائے گا۔
- برائے مہربانی ہر وقت ماسک پہننے اور 2 میٹر کے سماجی فاصلے کی ہدایات پر مکمل عمل کریں۔
- ایکریڈیشن حاصل کرنے والے میڈیا نمائندگان وینیو پر ایک جمع اکٹھے ہونے سے گریز کریں ۔
- صرف پچاس سال سے زائد عمر کے صحافیوں کو لفٹ استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔ ایک وقت میں صرف ایک صحافی کو لفٹ استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔
- فوٹوگرافرز / کیمرہ مینز کو میڈیا سنٹرز کی اطراف میں دستیاب پبلک انکلوژیئرز سے کوریج کی اجازت ہوگی۔ اس دوران ان کا کرکٹ بال کو اٹھانا یا ہاتھ لگانا منع ہے۔
- میڈیا ورکنگ ایریاز میں ہینڈ سینیٹائزرز موجود ہوں گے تاہم میڈیا نمائندگان ذاتی استعمال کے لیے اپنے ہمراہ ہینڈ سینٹائزرز بھی لاسکتے ہیں۔

- پی سی بی کا متعلقہ عہدیدار، دن کے کسی بھی وقت کسی بھی فرد کا بخار چیک کرسکے گا۔
- پی سی بی صرف چائے، کافی اور پانی فراہم کرے گا تاہم معزز میڈیا نمائندگان اپنے کھانے پینے کی اشیاء اور سامان اپنے ہمراہ لاسکتے ہیں۔
- ٹیم ہوٹل، ٹریننگ یا میچ وینیوز پر ان پرسن میڈیا انٹرویوز کی اجازت نہیں ہوگی۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

## ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.




Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4